Email:webmaster@khatme-nubuwwat.org
http://www. Khatme-nubuwwat.org.pk

INTERNATIONAL URDU WEEKLY KHATM-E-NUBUWWAT KARACHI PAKISTAN

ہفت روزہ
ختمِ نبوۃ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

3

9 تا 15 جون 2000ء

اسرائیلی خواتین میں قبول اسلام کا رجحان

جرمنی میں ۸ ہزار لڑکیاں اسلام کی پناہ میں

یہودی عیسائی اور قادیانی سازش

قادیانیت سے اسلام تک

بُشریٰ باجوہ صاحبہ کی روئیداد

قانونِ توہینِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں ترمیم

جنرل پرویز مشرف کی فاش غلطی

دینی مدارس کے خلاف زہر افشانی

قیمت: ۵ روپے

بحری جہاز کا عملہ مسافر ہے شہری بندرگاہ پروہ مقیم بن سکتا ہے؟

س ـــ میں ایک بحری جہاز میں چیف انجینئر ہوں' زندگی کا بیشتر حصہ سمندروں میں سفر پر گزرتا ہے مجھے اور میرے دوسرے ساتھیوں کو حسب عمدہ رہائش' خوراک کی جملہ ضروریات (مجوزہ قانون کے تحت) میسر ہیں' یہ ٹھیک ہے کہ ہمیں بعض دفعہ لگاتار بغیر رکے دو دو ماہ تک سفر میں رہنا پڑتا ہے' چند دن کسی بندرگاہ پر رکے' اور پھر سفر شروع ہو جاتا ہے۔ جہاز کسی بھی بندرگاہ پر چندرہ دن سے زیادہ نہیں ٹھہرتا۔ (بعض دفعہ ایک ماہ بھی رک جاتا ہے) میں بفضلہ تعالیٰ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ باجماعت اور بعض دفعہ اکیلے جیسا بھی موقع ہو' اپنی نمازیں فقہ حنفی کے تحت اہل سنت والجماعت کے طریقے پر ادا کرتا ہوں ہم سب اپنے آپ کو مسافر تصور نہیں کرتے (کیونکہ جیسا کہ میں نے شروع میں عرض کیا کہ ہمیں رہائش و خوراک اور پرسکون ماحول حسب عمدہ میسر ہے) چند دن ہوئے ہمارے ایک نئے ساتھی نے جو کیپٹن کے عہدے پر فائز ہو کر ہمارے جہاز کے عملے میں شامل ہوئے ہیں' ہماری نماز کی ادائیگی پر اعتراض کیا ہے اور اپنے اعتراض کے جواز میں ایک مولانا صاحب کا تحریری فتویٰ بھی دکھایا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ: "بحری جہازوں کے عملے اور کارکنوں کو اپنی نمازیں بحیثیت مسافر کے ادا کرنی چاہئیں۔ (یعنی اختصار کے ساتھ فرض نماز آدھی) بصورت دیگر وہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر ہوں گے۔"

"مولانا صاحب آپ ہمیں مندرجہ بالا حالات کے تحت جو درج کئے گئے ہیں کشمکش سے نکالیں' کیا بحری جہاز کے عملے / اکارکن کو پوری سہولتیں میسر ہونے کے باوجود اپنے آپ کو مسافر تصور کرنا چاہئے؟ یا اپنی نمازیں مکمل طور پر ساکن کے تصور پر پڑھنی چاہئیں؟ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے مسافر کو اختصار کے ساتھ ادا کرنے کا حکم' (سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور حکم خداوندی کے تحت) دیا جانا' سفر کی تکالیف اور مشکلات کی وجہ سے ہے' مولانا صاحب اس بات کا کیا جواز ہے کہ مسافر سہولت کی خاطر فرض نماز تو اختصار کے ساتھ پڑھے جبکہ بقیہ نماز کی سنتیں اور نوافل پورے ادا کرے۔ میرے عرض کرنے کا مدعا یہ ہے کہ مسافر کو اگر سہولت ہی لینی ہے تو صرف فرض نماز کے لئے کیوں' پوری نماز کے لئے کیوں نہیں؟ سنتیں اور نوافل پورے ادا کرنا اگر آسان ہو سکتا ہے تو فرض نماز پوری ادا کرنے میں کیا مشکل ہو سکتی ہے؟ حضرت' شریعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پاک کی روشنی میں دلائل کے ساتھ جواب دے کر ہمیں ذہنی کوفت اور پریشانی سے نجات دلائیں' اس سے بہتوں کا بھلا ہو گا۔

ج...... آپ کے سوال کا مختصر جواب یہ ہے کہ بحری جہاز کا عملہ تمام تر سہولتوں کے باوجود مسافر ہے۔ البتہ جہاز جب کسی شہر میں لنگر انداز ہو اور بندرگاہ شہر کا ایک حصہ تصور کی جاتی ہو اور اس جگہ پندرہ دن کا یا اس سے زیادہ رہنے کا ارادہ ہو تو پوری نماز ادا کی جائے گی۔ آپ کا یہ ارشاد بجا ہے کہ "سفر میں نماز قصر کا حکم دیا جانا سفر کی تکالیف اور مشکلات کی وجہ سے ہے۔" لیکن چونکہ سفر میں عموماً تکالیف و مشقت پیش آتی ہی ہے اس لئے شریعت نے قصر کا مدار سفر پر رکھا ہے۔ ورنہ لوگوں کو یہ فیصلہ کرنے میں دشواری پیش آتی کہ اس سفر میں تکلیف و مشقت ہے یا نہیں۔ خلاصہ یہ کہ حکم کی اصل علت تو تکلیف و مشقت ہی ہے مگر اس کا کوئی پیمانہ مقرر کرنا مشکل تھا۔ اس لئے شریعت نے احکام کا مدار خود تکالیف پر نہیں رکھا بلکہ سفر پر رکھا ہے خواہ اس میں مشقت ہو یا نہ ہو۔ اس لئے آپ لوگوں کو نماز قصر ہی کرنی ہوگی۔ قصر صرف فرض رکعات میں ہوتی ہے' سنتوں اور نفلوں میں نہیں' لیکن سفر میں سنتیں' نفل کی حیثیت اختیار کر جاتی ہیں اور ان کا پڑھنا اختیاری امر بن جاتا ہے۔ تاہم اگر سفر میں فراغت و اطمینان ہو تو سنن و نوافل ضرور پڑھنے چاہئیں مگر فرض نماز قصر ہی ہوگی۔ پوری پڑھنا جائز نہیں۔

کیا ریل میں سیٹ پر بیٹھ کر کسی طرف بھی منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں؟

س...... اخبار جہاں میں بعنوان کتاب و سنت کی روشنی میں ایک مسئلہ لکھا ہے' جس کی عبارت یہ ہے: سوال: اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ ریل گاڑی اور بسوں میں بوقت نماز نمازی لوگ سیٹ پر بیٹھ کر جس طرف بھی منہ ہو نماز پڑھ لیتے ہیں' کتاب و سنت کی روشنی میں وضاحت فرمائیں؟ (جواب)" نماز ہو جاتی ہے" اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

ج...... نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا شرط ہے' اور قیام بشرط قدرت فرض ہے' فرض اور شرط فوت ہو جانے سے نماز بھی نہیں ہوتی' پس اخبار جہاں کا لکھا ہوا مسئلہ غلط ہے۔ ریل میں کھڑے ہو کر قبلہ رخ نماز پڑھنی چاہئے۔

http://www.khatme-nubuwwat.org.pk

ہفت روزہ ختم نبوۃ

جلد ۱۹ ۶ تا ۱۲ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ مطابق ۹ تا ۱۵ جون ۲۰۰۰ء شمارہ ۳

سرپرست
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مدیر
مولانا اللہ وسایا

سرپرست
حضرت خواجہ خان محمد مدظلہ

نائب مدیر اعلیٰ
مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مولانا محمد علی جالندھریؒ
مولانا لال حسین اخترؒ
مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
مولانا محمد حیاتؒ
مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ
مولانا محمد شریف جالندھریؒ

مجلس ادارت

مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر — مولانا عبدالرحیم اشعر
مولانا مفتی محمد جمیل خان — مولانا نذیر احمد تونسوی
مولانا سعید احمد جلالپوری — مولانا منظور احمد الحسینی
مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی — مولانا محمد اشرف کھوکھر

سرکولیشن منیجر
محمد انور رانا

قانونی مشیر
حشمت حبیب ایڈووکیٹ، منظور احمد میو راجپوت

ٹائٹل ڈیزائننگ
ارشد خرم

کمپیوٹر کمپوزنگ
فیصل عرفان

اس شمارے میں

شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کے خون کا قرضہ		6
دینی مدارس کے خلاف زہر افشانی	(مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ)	9
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا	(جناب محمد رمضان میاں)	12
یہودی، عیسائی اور قادیانیوں کی سازش	(حشمت علی حبیب ایڈووکیٹ)	14
اسرائیلی خواتین میں قبول اسلام کا رجحان	(کرم اللہ خان، لندن)	17
قادیانیت ایک دھوکہ	(مولانا محمد اکرم طوفانی)	18
قادیانیت سے اسلام تک	(عزیزی باجوہ صاحب)	19
ہفت روزہ ختم نبوت کا انیسواں سال	(مولانا محمد اشرف کھوکھر)	19
اخبار ختم نبوت		25

زرتعاون بیرون ممالک

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا ۹۰ ڈالر
یورپ، افریقہ ۷۰ ڈالر
سعودی عرب، متحدہ عرب امارات
بھارت، مشرق وسطی، ایشیائی ممالک ۶۰ ڈالر

زرتعاون اندرون ملک

فی شمارہ ۵ روپے، سالانہ ۲۵۰ روپے
ششماہی ۱۲۵ روپے

چیک و ڈرافٹ بنام ہفت روزہ ختم نبوت
نیشنل بینک پرانی نمائش اکاؤنٹ ۱۴۹۵
کراچی (پاکستان) ارسال کریں

لندن آفس
35 Stockwell Green,
London. SW9 9HZ U.K.
Ph: 0171-737-8199

مرکزی دفتر
حضوری باغ روڈ ملتان
فون ۵۱۴۱۲۲-۵۸۳۴۸۶ فیکس ۵۴۲۲۷۷
Hazoori Bagh Road, Multan.
Ph: 583486-514122 Fax: 542277

رابطہ دفتر
جامع مسجد باب الرحمت (ٹرسٹ)
پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی فون ۷۷۸۰۳۳۷ فیکس ۷۷۸۰۳۴۰
Jama Masjid Bab-ur-Rehmat (Trust)
Old Numaish M. A. Jinnah Road, Ph: 7780337 Fax: 7780340

ناشر: عزیز الرحمٰن جالندھری — طابع: سید شاہ حسن — مطبع: القادر پرنٹنگ پریس — مقام اشاعت: جامع مسجد باب الرحمت ایم اے جناح روڈ کراچی

(اداریہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کے خون کا قرضہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر مرکزیہ، ترجمان ختم نبوت، شیخ المشائخ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد کے معتمد، امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے مداح، مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے تربیت یافتہ، قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد حیات رحمۃ اللہ علیہ کے خوشہ چین، مولانا عبدالرحیم اشعر کے رفیق، محدث العصر سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین ''ہم نام و ہم کام'' امام اہلسنت مفتی احمد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ کے مؤید، مولانا عزیز الرحمن جالندھری اور مولانا اللہ وسایا کے مربی، جاں نثاران ختم نبوت کی نظروں کے مہر، امت مسلمہ کے شفیق بزرگ، ولی کامل، درویش وقت، فقیہہ دوراں، محدث وقت، حکیم العصر، ترجمان علماً دیوبند، مجاہد اعظم، جیش محمدؐ کے سرپرست اعلیٰ، مجاہدین افغانستان کے معاون، عالم بے بدل، قادیانیت و رفض، ارتداد کے لئے ننگی تلوار، تحریر و تقریر کے شہسوار، اکابر علماً کرام کی محبوب شخصیت، مولانا خیر محمد جالندھریؒ کے تربیت یافتہ، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ اجل، عارف باللہ ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمۃ اللہ علیہ، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کے مدرس، ''ختم نبوت'' کے مدیر اعلیٰ، تحفہ قادیانیت کے مؤلف، آپ کے مسائل اور ان کا حل کے کالم نگار، ۳۵ سے زائد کتابوں کے مؤلف، مولانا فضل الرحمن، مولانا عزیز الرحمن جالندھری، مولانا اللہ وسایا، ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مفتی نظام الدین شامزئی، مولانا مسعود اظہر، مولانا اعظم طارق، مولانا احمد میاں حمادی، مولانا سعید احمد جلالپوری، مفتی منیر احمد اخون اور دیگر علماً کرام کے مرشد، جاں نثاران ختم نبوت کی آنکھوں کی ٹھنڈک، لاکھوں مریدین کے مرجع مولانا محمد یوسف لدھیانوی ۱۸/ مئی ۲۰۰۰ء کو اس شان سے شہید ہو کر رخصت ہوئے کہ ایک خواب کے مطابق سیدنا صدیق اکبر خلیفہ اول، سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما و دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور لاکھوں فرشتوں کے ہمراہ جنازہ میں شرکت کے لئے تشریف لائے اور کروڑوں مسلمانوں نے اشکبار اور پرنم آنکھوں سے شہید اسلامؒ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مشائخ عظام، علماً کرام کا تعزیت کے لئے تشریف آوری کا سلسلہ جاری ہے۔

شیخ المشائخ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد مدظلہ کے بقول: ''عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اپنے ترجمان سے محروم ہو گیا۔''

تعزیت کے سلسلے میں جنرل پرویز مشرف تشریف لائے اور تعزیت کی۔ اس موقع پر ان کے سامنے یہی مطالبہ رکھا گیا کہ حضرت مولانا شہیدؒ نے اپنی جان کا نذرانہ کسی معمولی مقصد کے لئے نہیں دیا ہے اور ان کا خون اتنا ارزاں نہیں ہے کہ اس کو صرف دو چار کرائے کے مجرموں کی گرفتاری تک محدود کر دیا جائے، اس لئے ہم اس سلسلے میں احتجاج کر رہے ہیں اور یہ ہمارا مطالبہ ہے۔ قاتل تو خدا کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے لیکن بات سوچنے کی یہ ہے کہ جب ایک درویش صفت ہستی جن کی دعاؤں سے پاکستان کو استحکام حاصل ہوتا تھا اور لوگ اعتماد حاصل کرتے تھے اس عظیم ہستی کو دن دہاڑے ہزاروں افراد کی موجودگی میں دو چار لڑکوں نے شہید کر دیا تو عام آدمی کی حالت کا اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ قوم پر اسی خوف و ہراس کی کیفیت کا طاری ہونا بہت خطرناک بات ہے۔ حدیث شریف میں اس کو ''وہن'' سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی موت کا خوف یا کشیدگی اور دنیا کی محبت، ایسی قوم دشمن کے سامنے کسی صورت میں نہیں ٹک سکتی اور دشمن اس کو تر نوالہ کی طرح کھا لیتا ہے۔ روس میں یہ حالت طاری ہوئی تو گنتی کے کیمونسٹوں نے کروڑوں مسلمانوں کو مغلوب کیا، یہ حالت تھی کہ چند لوگ آتے اور جس کو چاہتے تھے ختم کر کے چلے جاتے، کوئی ان کو روکنے والا نہ ہوتا، جمعہ کے اجتماع میں لاکھوں افراد کو گنتی کے چند لوگوں نے ختم کر کے سروں کے مینار بنائے، چنگیز کے دور میں بھی یہ سب کچھ ہوا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مومن اور مسلمان بزدل نہیں ہو سکتا"

پھر کیا بات تھی کہ ہزاروں افراد کی موجودگی میں بیس پچیس سال کے نوجوانوں کو ایسی ہستی پر حملہ کرنے کی جرأت کیسے ہوئی؟ اگر یہ صورتحال ختم نہیں ہوتی، قانون کی بالادستی نہیں ہوتی تو یہ قوم مردے سے بھی بدتر ہو جائے گی۔ اس لئے حکومت کو اس کی فکر کرنی چاہئے، علماء کرام کو فکر کرنی چاہئے، علماء کرام اور فوج مل کر مسلمانوں میں جرأت اور ہمت پیدا کرے، لوگوں میں بہادری کوٹ کوٹ کر بھرے اور دہشت گردی کا ہر ممکنہ طریقے سے سدباب کرے۔ جب تک قوم سے بزدلی نہیں نکلے گی تو مولانا رحمۃ اللہ علیہ جیسے بزرگ درندگی کی بھینٹ چڑھتے رہیں گے۔ وہ تو کامیاب ہو کر شہادت کے منصب پر فائز ہو گئے لیکن قوم مزید دہشت اور بزدلی کا شکار ہو کر دشمن کے لئے تر نوالہ بنتی رہے گی، انتہائی توجہ طلب ہے۔

جنرل مشرف صاحب! نے وعدہ تو کر لیا مگر پتہ نہیں یاد رہتا ہے یا نہیں؟ کم از کم وہ علماء کرام تو مسلمانوں میں جرأت پیدا کرنے کے لئے اقدامات شروع کرائیں۔

جنرل مشرف صاحب! پر واضح کیا گیا کہ مولاناؒ کی شہادت ایسے وقت میں ہوئی جبکہ ناموس رسالت کی تحریک چل رہی تھی اور حضرتؒ کی شدید خواہش اور مطالبہ تھا کہ قادیانیت سے متعلق ترامیم اور اسلامی دفعات اور امتناع قادیانیت آرڈیننس عبوری آئین میں شامل ہو کیونکہ قادیانیوں کی مکاری اور دھوکہ دہی سے جنرل مشرف متعارف نہیں، یہ آستین کے سانپ ہیں۔

قادیانیوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن رحمت کو نہیں چھوڑا۔ اسلام کے سب سے اہم عقیدے پر زد لگانے کی کوشش کی، جہاد جیسے اہم فریضہ کو ختم کرنے کے لئے پچاس الماریوں جتنی کتابیں لکھیں، ان کے جھوٹ کا اندازہ نہیں، اس لئے جنرل صاحب! ان کے جھوٹ سے ہوشیار رہیں، وزارت قانون آپ کو غلط فہمی میں ڈالے گی کہ اس کی ضرورت نہیں، لیکن شہید اسلام مولاناؒ کے خون سے وفاداری یہ ہے کہ اس مطالبہ کو تسلیم کیا جائے۔ دینی جماعتوں نے بھی یہی مطالبہ کیا ہے، اس لئے جنرل صاحب! فوری طور پر عبوری آئین میں ان دفعات کو شامل کرا دیں تو انشاء اللہ ہم سمجھیں گے کہ حضرتؒ کا خون رائیگاں نہیں گیا۔ اس طرح افغانستان کے سلسلے میں سابقہ پالیسی بحال رکھیں، ملک میں شریعت کے نفاذ کے لئے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر عمل کرائیں۔

سندھ انتظامیہ کی قاتلوں کی گرفتاری کے سلسلہ میں سرد مہری

آج شہید اسلام مولانا لدھیانویؒ کی شہادت کو ۱۵ روز سے زیادہ گزر چکے ہیں لیکن تاحال قاتلوں کی گرفتاری کے سلسلے میں پیش رفت نہیں ہوئی۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ سندھ انتظامیہ کو اس سانحہ سے کوئی دلچسپی نہیں۔ اس لئے ہم مطالبہ کریں گے کہ سندھ انتظامیہ اس سلسلے میں سرد مہری کا مظاہرہ نہ کرے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے سازش کو بے نقاب کرے۔

مولانا لدھیانویؒ کے مشن کو پورا کرنے کا عزم

مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کی تعزیت کے سلسلے میں ہونے والے جلسوں اور آنے والے علماء کرام اور مشائخ عظام اور مسلمانوں نے اس بات کا عزم کیا کہ عقیدۂ ختم نبوت کا مسئلہ ہو یا ناموس رسالت کا، جہاد افغانستان ہو یا روحانی سلسلہ، تصنیف و تالیف ہو یا تدریس و تعلیم تمام شعبوں میں حضرتؒ کا مشن جاری رہے گا اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی جائے گی۔

دینی مدارس کے خلاف زہر افشانی

پاکستان اسلام کے نام پر قائم ہوا۔ یہاں سب کچھ ہے مگر امن و سکون نہیں، یہاں ہر ایک کو تحفظ ہے مگر دین، دینی اقدار اور شعائر اسلام مساجد و مدارس کو تحفظ نہیں۔ دینی مدارس چونکہ دین کے قلعے ہیں لادین عناصر کو برداشت نہیں، وقتاً فوقتاً ان کے خلاف کارروائیوں کے منصوبے بنتے اور بگڑتے رہتے ہیں، آج کل مدارس دشمن سرگرم ہیں۔ اس مناسبت سے حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کا ایک مقالہ جو آج سے دس سال پہلے لکھا گیا تھا نذر ناظرین ہے۔ (مدیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ اما بعد

روزنامہ جنگ کراچی (۲/جنوری ۱۹۹۰ء) کی اشاعت میں ادارتی صفحہ پر احمد ندیم قاسمی کا کالم شائع ہوا جس میں ایک مراسلہ نگار کے حوالے سے مدارس عربیہ کے خلاف زہر افشانی کی گئی ہے، قاسمی صاحب لکھتے ہیں:

"ویا ضلع اٹک سے شیر علی خان صاحب رقم طراز ہیں کہ آپ نے اپنے ایک کالم میں "یہ خوبصورت الفاظ" لکھے تھے کہ: "جو قومیں اپنے ذہن سے سوچنا ترک کر دیتی ہیں بعض مسائل کے بارے میں سوچنا گناہ سمجھتی ہیں وہ اپنے آپ کو منجمد کر ڈالتی ہیں۔" ان الفاظ کے حوالے سے انہیں بعض دینی مدارس یاد آ گئے۔ شیر علی صاحب کا ارشاد ہے کہ کچھ عرصہ پہلے پنجاب میں زکوٰۃ کے چیف ایڈمنسٹریٹر نے بتایا تھا کہ گزشتہ نو سال میں دینی مدارس کو ۳۳ کروڑ ۸۴ لاکھ ۲۰ ہزار روپے زکوٰۃ فنڈ میں سے دیئے گئے اور اس رقم سے ۲۰۸۴ دینی مدارس کے ۸۸ ہزار سات سو پچانوے طلبہ نے استفادہ کیا۔ شیر علی صاحب نے ایڈمنسٹریٹر صاحب کو لکھا کہ برائے کرم ان اعداد و شمار کے علاوہ یہ بھی بتایئے کہ ان دینی مدارس میں پڑھایا کیا جاتا ہے؟ وہاں کون لوگ پڑھتے ہیں؟ پڑھانے والے کون ہیں؟ اور کس قدر تعلیم یافتہ ہیں؟ کیا ان دینی مدارس میں کوئی ایسا بچہ بھی پڑھتا ہے جو کسی کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتا ہو؟ کیا وہ سیاسی عناصر جو ہمہ وقت اسلام اور اسلامی نظام کی رٹ لگائے رکھتے ہیں، ان مدرسوں میں اپنے بچوں کو پڑھنے کے لئے بھیجتے ہیں؟ اگر نہیں بھیجتے اور یہ

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ

طے ہے کہ نہیں بھیجتے تو معلوم ہونا چاہئے کہ کیوں نہیں بھیجتے؟

جو طلبہ ان مدرسوں سے فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں وہ کسی مسجد میں امامت کے علاوہ کیا اور کسی کام کے قابل ہوتے ہیں؟ جب کہ امامت کا معاملہ بھی مشکوک رہتا ہے کیونکہ ہماری مسجدیں بھی تو دیوبندی اور بریلوی اور شیعہ اور سنی اور اہلحدیث اور وہابی وغیرہ وغیرہ میں تقسیم ہو چکی ہیں۔ یا پھر صاف صاف کہئے کہ ان مدرسوں کے صرف یہ فوائد ہیں کہ منتظمین کی روٹی چلتی ہے اور غریب بچے جو دوسرے اسکولوں میں نہیں پڑھ سکتے یہاں داخل ہو جاتے ہیں، ماسٹے تانگے کی روٹی کھاتے ہیں اور جب مدرسوں سے فارغ ہو کر نکلتے ہیں تو جب بھی ان بے چاروں کا گزارہ مفت کی روٹی پر ہوتا ہے، تو کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ مروجہ تمام مضامین ریاضی، سائنس اور تاریخ وغیرہ کے علاوہ قرآن مجید کی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے۔ قرآن مجید مسلمانوں کے ہر فرقے کا مشترک سرمایہ ہے اس لئے قرآن پاک کی تعلیم سے فرقہ سازی کی بیماری بھی ختم ہو جانے کا امکان ہے اور دین و دنیا کی تفریق کا بھی۔ شیر علی خان صاحب کے یہ مبارک خیالات ہماری طرف سے کسی نوع کے اضافے کے محتاج نہیں ہیں۔"

مراسلہ نگار نے دینی مدارس کے طلبہ پر نو سال میں ۳۳ کروڑ ۸۴ لاکھ ۲۰ ہزار روپے کی زکوٰۃ خرچ کرنے کا جو احسان دھرا ہے ذرا حساب لگا کر دیکھئے کہ یومیہ فی طالب علم کتنی رقم بیٹھتی ہے۔

ان دنوں پر مذکورہ بالا ۳۳۸۴۲۰۰۰۰ روپے کی رقم کو تقسیم کیا گیا تو فی دن خرچ ہونے والی زکوٰۃ ہوئی ۲۰۳۰۱۰ روپے۔

اور ایک لاکھ تین ہزار دس روپے کی رقم کو اٹھاسی ہزار سات سو پچانوے طلبہ پر تقسیم کیا گیا تو

فی طالب علم یومیہ رقم ہوئی ایک روپیہ سولہ پیسے۔

گویا مراسلہ نگار کی ساری غوغا آرائی کا حاصل یہ ہوا کہ دینی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم کو ایک روپیہ سولہ پیسے کی زکوٰۃ کیوں دی گئی؟ اس قوم کی بلند ہمتی اور عالی حوصلگی کی داد دینی چاہئے جس کے افراد اپنے دین کی تعلیم پر ایک روپیہ سولہ پیسے کی "خطیر" رقم خرچ کرنے پر احتجاج کر رہے ہوں اور وہ بھی ٹیکس کی رقم سے نہیں بلکہ زکوٰۃ کی رقم سے۔

افسوس ہے کہ ان اعداد و شمار کو پیش کرتے ہوئے نہ تو مراسلہ نگار کو گھن آئی اور نہ ہمارے ملک کے نامور ادیب جناب احمد ندیم قاسمی کو مراسلہ نگار کے ان گھٹیا اور "نامبارک خیالات" کو اپنے کالم میں جگہ دیتے ہوئے کوئی خفت محسوس ہوئی۔

محترم مراسلہ نگار نے چیف ایڈمنسٹریٹر صاحب سے دینی مدارس کے طلبأ پر خرچ کی گئی زکوٰۃ کے اعداد و شمار تو بڑی دلچسپی سے معلوم کرکے شائع کر دیئے (حالانکہ مراسلہ نگار کو بھی اعتراف ہے کہ جن طلبہ پر یہ زکوٰۃ (ایک روپیہ سولہ پیسے یومیہ) خرچ کی گئی وہ نادار ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ کا صحیح مصرف تھے) کاش کہ انہوں نے چیف ایڈمنسٹریٹر صاحب سے یہ معلوم کرنے کی زحمت فرمائی ہوتی کہ اس نو سال کے عرصہ میں زکوٰۃ کا بے محل استعمال کس قدر ہوا؟ کتنی رقم اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلبأ پر (مسلم وغیر مسلم کی رعایت کئے بغیر) خرچ کی گئی؟ کتنی رقم نام نہاد رفاہی کاموں میں بغیر تملیک کے لگا دی گئی؟ کتنی رقم سرکاری اہلکاروں کے حصہ میں آئی؟ کتنی رقم بطور رشوت استعمال کی گئی؟ اور جتنی رقم دینی مدارس کو دی گئی اس میں سے کتنا کمیشن زکوٰۃ کے عملہ نے وصول کر لیا؟ شاید اس کا ریکارڈ جناب چیف صاحب کے دفتر میں بھی محفوظ نہیں ہوگا لیکن کراما کاتبین کے دفتر میں یقیناً محفوظ ہے۔ کیا یہ عجیب بات نہیں کہ زکوٰۃ کی جو رقم اپنے صحیح مصرف پر خرچ کی گئی اس پر تو جارحانہ انداز میں احتجاج کیا جارہا ہے اور زکوٰۃ کی جو رقم ایسی جگہوں پر خرچ کی گئی جن سے زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ ہی ادا نہیں ہوئی، اس پر نہ کوئی سوال اور نہ احتجاج؟

مراسلہ نگار نے سوال کیا ہے کہ ان دینی مدارس میں کیا پڑھایا جاتا ہے؟ وہاں کون لوگ پڑھتے ہیں؟ پڑھانے والے کون اور کس قدر تعلیم یافتہ ہیں؟ کیا ان دینی مدارس میں کوئی ایسا بچہ بھی پڑھتا ہے جو کسی کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتا ہو؟

مراسلہ نگار کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ دینی مدارس میں قرآن کریم، حدیث نبوی، اسلامی قانون، اسلامی عقائد وغیرہ علوم نبوت پڑھائے جاتے ہیں اور بعض وہ علوم بھی جو ان علوم کے لئے موقوف علیہ کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے بغیر قرآن و حدیث اور دیگر اسلامی علوم کا سمجھنا ممکن نہیں، اگر مراسلہ نگار کی نظر میں ان علوم نبوت کی کوئی قیمت نہیں تو ہم انہیں عقل و فہم کے لحاظ سے معذور سمجھتے ہیں اور اگر ان کے خیال میں ان علوم کا زندہ رکھنا اور ان میں تخصص پیدا کرنا بھی امت کی ذمہ داری ہے تو دینی مدارس کے خلاف مراسلہ نگار کی "غوغا آرائی" "آواز سگاں کم نہ کند رزق گدارا" کا مصداق ہے۔

رہا یہ کہ ان دینی مدارس میں کون لوگ پڑھتے ہیں جواباً گزارش ہے کہ مراسلہ نگار کو مطمئن رہنا چاہئے کہ بحمد اللہ! وہاں سکھوں اور یہودیوں کے بچے نہیں پڑھتے بلکہ مسلمانوں کے بچے ہی زیر تعلیم ہیں۔

مراسلہ نگار پوچھتے ہیں کہ دینی مدارس میں پڑھانے والے کون ہیں؟ اور کس قدر تعلیم یافتہ ہیں؟ جواباً گزارش ہے کہ جو شعبہ دینی مدارس کے اساتذہ کے سپرد ہے وہ بحمد اللہ! اس میں مہارت رکھتے ہیں اور بغیر کسی فخر و مباہات کے کہا جاسکتا ہے کہ اس شعبہ میں بڑے بڑے پی ایچ ڈی ان کے سامنے طفل مکتب کی حیثیت رکھتے ہیں، باقی یہ مراسلہ نگار کی بلند نظری ہے کہ ان کے نزدیک یہود و نصاریٰ کے علوم کو پڑھنے پڑھانے والے تو تعلیم یافتہ ہیں لیکن علوم نبوت کے پڑھنے پڑھانے والے ان کی نظر میں تعلیم یافتہ نہیں۔

رہا مراسلہ نگار کا یہ کہنا کہ کیا ان مدارس میں کوئی ایسا بچہ بھی پڑھتا ہے جو کسی کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتا ہے؟ اس سلسلے میں چند گزارشات ہیں۔

اول: تو مراسلہ نگار کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بحمد اللہ! ان مدارس میں ایک معقول تعداد ان طلبہ کی بھی جن کا تعلق کھاتے پیتے مگر دیندار گھرانوں سے ہے، مراسلہ نگار ذرا زحمت فرما کر ملک کے اہم دینی مدارس میں تشریف لے جائیں، وہاں جاکر بچشم خود ملاحظہ فرمائیں۔

دوم: اگر فرض کر لیا جائے کہ ان دینی مدارس میں ایک بچہ بھی ایسا نہیں پڑھتا جس کا تعلق کھاتے پیتے گھرانے سے ہو تو مراسلہ نگار ہی بتائیں کہ اس میں قصور دینی مدارس کا ہے؟ یا کھاتے پیتے گھرانوں کا؟ اگر کھاتا پیتا گھرانا دولت کی بدمستی میں دین اور دینی تعلیم سے بے نیاز ہو چکا ہے تو یہ اس کی اپنی بدبختی و شقاوت ہے، دین، دینی تعلیم اور دینی مدارس پر کیا الزام ہے؟ یہ حق تعالیٰ

شانہ کی تقسیم ہے کہ اکثر و بیشتر دین اور دینی علوم کے پاسبان غریب اور پسماندہ طبقہ ہی رہا ہے۔

سوم: مراسلہ نگار کا دینی مدارس پر یہ طنز کرنا کہ کھاتے پیتے گھرانوں کے بچے ان میں کیوں تعلیم نہیں پاتے؟ یہ بالکل وہی بات ہے جو مکہ کے کافر قرآن کریم پر طنز کرتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ یہ قرآن ایک غریب آدمی پر کیوں نازل کیا گیا، مکہ اور طائف کی دو بستیوں میں سے کسی کھاتے پیتے آدمی پر یہ قرآن کیوں نازل نہیں کیا گیا؟ کیسی ستم ظریفی ہے کہ مراسلہ نگار آج کفار مکہ کی ترجمانی کرتے ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشینوں پر وہی پھبتی اڑا رہے ہیں جو کفار مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اڑایا کرتے تھے۔

مراسلہ نگار لکھتے ہیں کہ جو طلبہ ان مدارس سے فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں وہ کسی مسجد کی امامت کے علاوہ کیا اور کسی کام کے قابل ہوتے ہیں؟ گویا مسجد کی امامت اور دوسرے دینی مشاغل مراسلہ نگار کے نزدیک کوئی کام ہی نہیں، بھنگیوں کا کام تو مراسلہ نگار کے نزدیک "کام" ہے مگر قرآن کریم کا پڑھنا اور پڑھانا اور دینی علوم کی تعلیم دینا، مسلمانوں کو پیش آمدہ ضروریات میں دینی رہنمائی کرنا، ان کو شرعی مسائل بتانا سرے سے کوئی کام ہی نہیں؟ دنیا کا کون مسلمان ہو گا جو مراسلہ نگار کی اس ذہنی پرواز کی داد نہ دے گا؟۔

مراسلہ نگار کی عقل و دانش صرف اس بات پر احتجاج کر رہی ہے کہ ایک روپیہ سولہ پیسے کی زکوٰۃ ایسے لوگوں کو کیوں دی جا رہی ہے جن کی سرگرمیاں صرف اور صرف دین تک محدود ہیں۔ ممکن ہے کہ کل کوئی مراسلہ نگار سے بھی زیادہ عقلمند شخص یہ احتجاج کرنے لگے کہ قومی خزانے کا کھربوں روپیہ فوج پر کیوں خرچ کیا جا رہا ہے جب کہ بیس سال سے ہماری کسی ملک سے جنگ ہی نہیں ہوئی اور نہ اتنی بڑی فوج کا کوئی مصرف سامنے آیا ہے۔

سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور دیگر عدالتوں پر اتنا بڑا سرمایہ کیوں خرچ کیا جا رہا ہے؟ جب کہ بظاہر غریب عوام کو ان سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا اور نہ کوئی غریب کسی عدالت سے رجوع کر سکتا ہے۔ ایسے سوالات اٹھانے والا یا تو ملک کا دشمن تصور کیا جائے گا اور اسے فوری طور پر گرفتار کر کے پس دیوار زنداں بھیجا جائے گا، یا اس بے چارے کو ذہنی معذور قرار دے کر اسے کسی دماغی ہسپتال میں داخل کرنے کا مشورہ دیا جائے گا۔ ٹھیک اسی طرح مراسلہ نگار کا دینی مشاغل و مصروفیات کو "بے کار" قرار دینا اس کا علانیہ یا تو دین دشمنی ہے یا ذہنی افلاس کہ:

فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

مراسلہ نگار کو دین پر خرچ ہونے والے ایک روپیہ سولہ پیسے کی گراں قدر زکوٰۃ کی رقم بری طرح چبھ رہی ہے اور وہ اس پر احتجاج کر رہے ہیں کہ یہ بھیک ان بے کار لوگوں کو کیوں دی جا رہی ہے؟ لیکن کیا ان سے کوئی شخص یہ دریافت کر سکتا ہے کہ لاکھوں روپے یومیہ جن ادبی و تعلیمی اداروں کو دیئے جا رہے ہیں ان سے فارغ ہونے والے ادیبوں، شاعروں لاکھوں تعلیم یافتہ افراد نے "شغل بے کاری" کے سوا قوم کو کیا دیا ہے؟ اور ان کا مشغلہ ہلڑبازی، لوٹ مار، زناکاری اور قتل و غارت کے سوا کیا ہے؟ ان اداروں کے خلاف آپ نے کبھی احتجاج نہیں کیا جن کو قوم کے نونہالوں نے "میدان کارزار" بنا رکھا ہے اور جن کی وجہ سے قوم کا ناک میں دم ہو رہا ہے، آپ دینی مدارس کے طلبہ کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں، جو بے چارے معاشرے کے لئے کوئی مسئلہ پیدا نہیں کرتے۔ قوم کو شرافت اور شائستگی کی تعلیم دیتے ہیں۔

آخر میں مراسلہ نگار نے افلاطون دانش سے عقل مستعار لے کر یہ تجویز پیش کی ہے کہ ان دینی مدارس کو اسکولوں میں تبدیل کر دیا جائے۔ ماشاء اللہ اسکولوں اور کالجوں سے فارغ ہونے والے بے کار گریجویٹوں کی کھیپ شاید پہلے ہی کم ہے جس میں اضافہ کا مراسلہ نگار مشورہ صادر فرما رہے ہیں۔ مراسلہ نگار سے اس ضمن میں اتنی ہی گزارش کرنا چاہوں گا کہ آپ ہزار بار دینی مدارس کو ختم کرنے کی کوشش کر دیکھیں یہ انشاء اللہ ختم نہیں ہوں گے۔ جب حکومت ان کو زکوٰۃ کے چند ٹکے نہیں دیتی تھی یہ جب بھی چل رہے تھے اور آئندہ اگر حکومت "معارف پروری" اور دینی اقدار کی بلندی کے جذبے سے اس خیرات کو بند کرنے کا فیصلہ کرلے تب بھی یہ دینی مدارس چلتے رہیں گے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کو قرآن کریم اور علوم نبوت کا دنیا میں رکھنا منظور ہے اس وقت تک قرآن کریم اور علوم نبوت کے حاملین کی خدمات بھی زندہ و پائندہ رہیں گی۔ ہم نے پہلے بھی دینی مدارس کو مشورہ دیا تھا اور اب اس مشورہ کو پھر دہراتے ہیں کہ بھوکوں مرنا گوارا کریں لیکن حکومت کے ہاتھ سے ایک پیسہ کی امداد قبول نہ کریں۔ (گو زکوٰۃ کا پیسہ خالصتاً عوام کا پیسہ ہے جس کا حکومت کے مالیاتی ذرائع سے کوئی تعلق نہیں ہے) انشاء اللہ، ان کے لئے اللہ تعالیٰ کے غیبی خزانوں سے سامان پیدا ہو گا کہ:

"خدا خود میر ساماں است ارباب توکل را"

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

☆☆.................☆☆

بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

تحریر: محمد رمضان میاں نیپالی ...

گزشتہ چند سالوں سے علماً کرام، صلحاً کرام کا قافلہ اس تیزی کے ساتھ دنیا سے جارہا ہے کہ اہل علم کی محفل یک بیک سنسان ہو کر رہ گئی ہے کچھ زیادہ دیر کی بات نہیں ہے کہ دنیاان دل آویز شخصیتوں سے مالا مال نظر آتی تھی جو علم و فضل اور ورع و تقویٰ میں اکابر علماً دیوبند کے یادگار تھے، جنہوں نے نفوس قدسیہ کے جمال جہاں آرا کا نظارہ کیا تھا چند ماہ قبل عالم اسلام کی مشہور شخصیت مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں الندویؒ ہم سے رخصت ہو گئے جن کی رحلت کا غم تاحال مندمل نہیں ہوا، ویسے تو دنیا سے ہر کسی کو جانا ہے باقی رہنے والی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے، اس دنیا کی ہر شخصیت خواہ وہ کتنی دلکش، کتنی پر بہار، کتنی ہر دلعزیز اور کتنی حیات افروز ہو بالآخر اسے ایک دن یہاں سے جانا ہے، آگے پیچھے کا فرق ضرور ہے لیکن ہم میں سے کوئی ہے جو یہاں ہمیشہ رہنے کے لئے آیا ہو؟ پھر بھی انسان کی غفلت کا یہ عالم ہے کہ وہ اس سامنے کی حقیقت کو ہمیشہ نظر انداز کر کے اس کائنات اور اس میں پائی جانے والے رنگینیوں سے اس طرح دل لگا بیٹھتا ہے جیسے اسے اپنی بقائے دوام کی کوئی ضمانت مل گئی ہے!!

"کل من علیہا فان"

اور

"ولا تدری نفس بای أرض تموت"

کے قرآنی ارشادات سے کوئی کٹر سے کٹر دہریہ بھی انکار نہیں کرسکتا، لیکن عملی زندگی میں یہ مسلّم حقیقت ہماری نظروں سے اس طرح اوجھل رہتی ہے جیسے یہ کوئی حقیقت ہی نہیں اس کا نتیجہ ہے کہ اب تک اس بات پر یقین کرنے کو دل آمادہ ہی نہیں ہوتا کہ ہم سے آج ایک بڑی شخصیت جدا ہو گئی ہے شب و روز کے ہنگاموں میں نہ جانے کتنوں کے بارے میں یہ خبر ملتی ہے کہ وہ ہم سے رخصت ہو گئے، ان کا انتقال ہو گیا، ان کو حادثہ پیش آگیا، بہت سوں کے چھوٹ جانے سے دل شدید رنج والم محسوس کرتا ہے لیکن ایسے کم لوگ ہوتے ہیں جن کی وفات کی خبر دلوں پر بجلی سی گرا دیتی ہے جن کا آفتاب زندگی مشرق میں غروب ہو تو مغرب والے اندھیرے محسوس کریں اور جن کی یاد ان لوگوں کے دل میں بھی ایک ہوک سا پیدا کر دے، جو ان سے رشتہ داری کا رسمی رابطہ بھی نہیں رکھتے، آج ہم سے ایسی شخصیت جدا ہو گئی ہے جس کی جدائی کا غم نہ صرف علماً و طلباً پاکستان و اہلیان پاکستان کو ہے بلکہ آہ! حضرت اقدسؒ کی جدائی کا غم ساری دنیا کو ہے کل تک جس شخصیت کے نام کے ساتھ "مدظلہم العالی" لکھا جاتا تھا۔ آج ان کے نام کے ساتھ "رحمۃ اللہ علیہ" لکھتے ہوئے جو کچھ دل پر بیت رہی ہے، زبان و قلم میں طاقت نہیں کہ اس کیفیت کا ہزارواں حصہ بھی کاغذ پر منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا ایسی بنائی ہے کہ اس میں غم اور خوشی، راحت اور تکلیف کے ساتھ ساتھ چلتی ہیں نہ یہاں خوشی خالص ہے، نہ غم خالص۔ اس لئے یہاں غموں اور صدموں کا پیش آنا کوئی اچنبھے کی بات ہے نہ کوئی غیر معمولی چیز لیکن بعض صدمے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا اثر پوری امت پر پڑتا ہے اور بعض ان کے عالمگیر اثرات کی وجہ سے ان کا زخم مندمل ہونا آسان نہیں ہوتا (تیرہ صفر المظفر ۱۴۲۱ مطابق ۱۸/ مئی بروز جمعرات ۲۰۰۰ء) ایسا ہی عظیم صدمہ قطب العصر، عارف باللہ بقیۃ السلف حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ کی شہادت کا حادثہ پیش آیا، جس نے ہر اس شخص کو ہلا کر رکھ دیا جو حضرت شہیدؒ سے عقیدت و محبت رکھتا تھا، مگر دل اس بات پر آمادہ ہو ہی نہیں رہا ہے کہ ہمارے حضرت شہیدؒ ہم سے جدا ہو گئے ہیں، دل مانے بھی تو کیسے ایسی عظیم شخصیت کا سانحہ جسے دنیا کبھی نہیں بھلا سکتی جن کی عظیم قربانیوں کو دنیا آخری دم تک یاد رکھے گی:

آتی رہے گی تیرے انفاس کی خوشبو
گلشن تیری یادوں کا مہکتا ہی رہے گا

ہمارے حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی بارش برسائے کہ وہ ایسے ہی لوگوں میں سے تھے اپنے اخلاص، للّٰہیت، مجاہدانہ عزم و عمل اور پر خلوص خدمات کی وجہ سے وہ علمی اور دینی

حلقوں میں ہر دلعزیز شخصیت کے مالک تھے۔ جو شخص بھی علم و دین کی کچھ قدر و قیمت اپنے دل میں رکھتا ہے اس کے لئے ان کی وفات ایک عظیم سانحہ ہے، زندگی میں کبھی کسی واقعے یا حقیقت کے تسلیم کرنے سے کلیجہ اس بری طرح نہیں کٹا، جس طرح اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کٹ رہا ہے۔ جس منور چہرے کا دیدار غم و تشویش کا مداوا تھا، اب زندگی بھر کے لئے روپوش ہو چکا ہے، جس مقدس ہستی کی آواز اور درس و تدریس سے "جامعہ العلوم الاسلامیہ" کی دیواریں گونجتی تھیں، اب جیتے جی سنائی نہیں دے گی، ایسی شخصیت کا سایہ ہمارے سروں سے اٹھ چکا ہے اور زندگی اب تک جس ذات کے گرد گھوم رہی تھی، اب وہ جلوہ افروز نہیں رہی اور علم و فضل کی وہ محفل اجڑ گئی، اصلاح و ارشاد کی وہ مسند ویران ہو گئی، تفقہ اور تدین کا وہ آفتاب روپوش ہو گیا، اصابت رائے اور دینی بصیرت کا وہ سرچشمہ چھن گیا، خدایا! تو ہی اس صدمہ پر صبر دے گا تیرے سوا کوئی دستگیری کرنے والا نہیں۔

"اللھم لاملجا ولا منجا الا الیک"۔۔

کروں کس طرح پیش آخر عقیدت کا یہ نذرانہ
درودیوار لیں گے سسکیاں روئے گا کاشانہ

میں اپنے "حضرت اقدس شہید رحمۃ اللہ علیہ" کی وفات پر امت مسلمہ کو کس طرح تعزیت پیش کروں، کیا لکھوں، کس طرح لکھوں، کس لئے لکھوں؟

اپنے تاثرات کے اظہار کے لئے الفاظ ڈھونڈتا ہوں تو اپنی حالت اس بچے سے مختلف معلوم نہیں ہوتی جس کی آنکھوں کی ساری کائنات لٹ چکی ہو، اس کے دل میں فریاد و فغاں کے طوفان برپا ہوں، لیکن اسے ایک لفظ بولنا نہ آتا ہو، فرق صرف یہ ہے کہ وہ چیخ چیخ بھر کے رو لیتا ہے تو اسے الفاظ کی ضرورت نہیں رہتی اور یہاں میری آنکھوں کا یہ عالم ہے کہ وہ آنسوؤں کو ترس ترس کر پتھر ہو چکی ہیں، یہاں بات صرف میرے حضرت اقدس کا سایہ سر سے اٹھ جانے کی نہیں، اگر بات صرف اتنی ہوتی تو یہ صدمہ ایسا گھمبیر نہ ہوتا، لیکن یہاں معاملہ ایسا ہے کہ ان کی شہادت سے نہ جانے کتنے سائے اس غمزدہ سر سے اٹھ گئے ہیں باپ کا سایہ، استاد کا سایہ، شیخ و مربی کا سایہ، ہادی اور رہنما کا سایہ اور ایک ایسے غمخوار و غمگسار کا سایہ جس کے اٹھنے کے بعد زندگی میں پہلی بار یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ غم و صدمہ کسے کہتے ہیں؟ ورنہ سخت سے سخت صدمہ اور بڑی سے بڑی فکر ان کے قدموں میں پہنچ کر بے نشاں ہو جاتی تھی اور ان کی پائنتی بیٹھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے اس کائنات میں ہمارے لئے محبت و شفقت کے سوا کچھ نہیں، اب بھی جب یہ صدمہ ناقابل برداشت ہونے لگتا ہے تو پاؤں بے ساختہ ہمارے جامعہ کے "دورۂ حدیث" کے درس گاہ کی طرف اٹھ جاتے ہیں، جس درس گاہ کی تخت پر بیٹھ کر آپؒ نے "شرح معانی الآثار للطحاوی" کا درس دیا، اپنی شہادت سے قبل اسی تخت پر بیٹھ کر نہ جانے کتنے بے شمار دلوں کے لئے شفا کا سامان کیا، کتنے تشنگان علم و معرفت کی پیاس بجھائی، کتنے ٹوٹے دلوں کو دلاسے دیئے، ان کے لبوں سے نکلی ہوئی ان گنت دعاؤں اور بے شمار اذکار و تسبیحات کی مہک آج بھی اس درس گاہ میں بسی ہوئی ہے، ہمارے حضرت اقدسؒ کی ہمہ گیر شخصیت حلقہ اہل و علم میں کسی تعارف کی محتاج نہیں، آپ دور حاضر کے ان نامور اکابر اہل علم میں سے تھے جن پر مسند علم و ناز کرتی ہے، جن کے زہد و تقویٰ پر ملائکہ رشک کرتے ہیں، جن کے حلم و صبر پر اللہ تعالیٰ کو پیار آتا ہے، جن کی سادگی و شگفتگی سے اسلاف کی یاد تازہ ہوتی تھی، جن کے وعظ و بیان پر غزالیٔ دوراں کا شبہ ہوتا ہے، آپ کے بیان و کلام میں بلا کی روانی اور حد درجے کا مٹھاس تھا، جس موضوع پر بولتے اس کا حق ادا کرتے، یوں محسوس ہوتا کہ زندگی بھر اس موضوع کا مطالعہ اور تیاری فرمائی ہے، دنیا سے کسی بھی عالم دین اور بڑی ہستی کا ہم سے جدا ہو جانا یقیناً قومی حادثہ ہے اور حقیقتاً "موت العالم موت العالم" کا مصداق ہے، مگر ہمارے حضرتؒ کا ہم سے جدا ہونا اس طریق سے ہوا کہ اگر وہ طبعی طور پر ہوتا تو دل کو منایا جا سکتا تھا، مگر ان کا جانا اس طرح ہوا کہ آج بھی وہ منظر یاد آتا ہے تو کلیجہ پھٹنے کو آتا ہے، ہمارے حضرت اقدسؒ حسب معمول دس سے گیارہ بجے کے درمیان اپنی رہائش گاہ سے نمائش پر واقع اپنے دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت تشریف لے جا رہے تھے، حضرتؒ کے ہمراہ ان کے چھوٹے صاحبزادے مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی اور ان کے ڈرائیور حاجی عبدالرحمن صاحب تھے حضرت اپنی رہائش گاہ فلاح مسجد نصیر آباد فیڈرل بی ایریا سے نکل کر تھوڑے ہی دور آکر پھل فروش سے پھل خرید رہے تھے کہ اچانک شرپسند عناصر، دشمنان اسلام میں سے چار شیطان انسانی روپ میں حضرتؒ سے مصافحہ کے بہانے گاڑی سے شیشہ اتروا کر حضرتؒ پر گولیوں کی بارش برسادی جس پر حضرت اقدسؒ کلمہ شہادت پڑھتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت کے ساتھ حضرت کا ڈرائیور حاجی عبدالرحمن صاحب شدید زخمی حالت میں ہسپتال لے جاتے ہوئے راستہ ہی میں زخموں کی تاب نہ

لا سکتے ہوئے انتقال کر گئے۔ حضرت کے چھوٹے صاحبزادے مولانا محمد یحییٰ کو بھی زخمی حالت میں ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے اور اب وہ آہستہ آہستہ صحت یاب ہو رہے ہیں۔ جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن میں یہ خبر گیارہ بجے کے قریب موصول ہوئی تو حضرت کی شہادت کی خبر سن کر اساتذہ و طلبا کرام اپنی چیخوں پر قابو نہ پا سکے طلب پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے ادھر جیسے یہ خبر الیان کراچی پر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی تو شہریوں نے احتجاجاً اپنا تمام کاروبار بند کر دیا، سڑکوں پر ٹریفک معطل ہونا شروع ہو گیا، کراچی کا اکثر علاقہ سوگ میں بند ہو گیا اور لوگوں کی بڑی بڑی ٹولیاں حضرت اقدسؒ کی مسجد جامع مسجد فلاح فیڈرل بی ایریا کی طرف روانہ ہو گئیں، وہاں پر مسجد اور اس کے اطراف کی سڑکوں پر تل دھرنے کی جگہ تک نہیں تھی، ظہر کے قریب جامعہ مسجد علامہ بنوری ٹاؤن میں اعلان ہوا کہ حضرت اقدسؒ کی نماز جنازہ رات عشاء کی نماز کے بعد احاطہ جامعہ بنوری ٹاؤن میں ادا کی جائے گی، یہ خبر سنتے ہی لوگ علامہ بنوری ٹاؤن میں جمع ہونا شروع ہو گئے، ریڈیو پاکستان سے بھی خبر نشر ہوئی، رات عشاء کے قریب ملک بھر کے بڑے بڑے علماء کرام، دانشور، سیاسی و مذہبی رہنماء جامعہ بنوری ٹاؤن پہنچ گئے، تمام ہی لوگ غم سے نڈھال تھے اساتذہ و عقیدت مندوں کے چہرے مجسم کرب و اذیت بنے ہوئے تھے مگر ہر ایک دوسرے کو وبشر الصابرین کی قرآنی آیت کی یاد دہانی کرا رہے تھے اور یقیناً ہمارے اکابرین سلف ایسے مواقع پر بڑی برداشت اور حوصلہ مندی کا ثبوت دیتے آئے ہیں۔

عشاء کی نماز میں حضرت کے عقیدت مندوں کی کثرت تعداد کی وجہ سے جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے احاطے اور باہر سڑکوں پر پاؤں رکھنے کی جگہ نہ تھی، لاکھوں لوگ نماز جنازہ میں شرکت کے لئے دور دراز سے آئے تھے اخباری رپورٹ کے مطابق نماز جنازہ میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگ تھے۔ بہر حال رات دس بجے کے قریب حضرت اقدسؒ کی میت کو علامہ بنوری ٹاؤن لایا گیا، اس موقع پر کہرام مچ گیا، بڑی مشکل سے جنازہ کو احاطہ بنوری ٹاؤن میں داخل کیا گیا اور حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب زید مجدہ امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی امامت میں حضرتؒ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور حضرتؒ کی وصیت کے مطابق حضرتؒ کی آخری آرام گاہ جامع مسجد خاتم النبیین گلشن اقبال کے احاطے میں حضرتؒ کو سپرد خاک کر دیا گیا، اس طرح ایک عظیم شخصیت ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جدا ہو گئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ ہمیں حضرت اقدسؒ کا نعم البدل عطا فرمائے اور ہم کمزوروں کو آپؒ کے مشن عظیم کو آگے بڑھانے والا بنائے۔ (آمین) دل تو چاہتا ہے کہ اپنے شیخؒ کو ان کی شہادت پر منظوم خراج تحسین پیش کروں مگر بقول علامہ اقبالؒ:

حقیقت یہ ہے کہ جامہ حرف تنگ
حقیقت ہے گفتار فرنگ
فروزاں ہے سینہ میں شمع نفس
مگر تاب گفتار کہتی ہے بس
اگر ایک سر موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

☆☆..............☆☆

ABDULLAH SATTAR DINA & SONS JEWELLERS
عبداللہ ستار ڈینا اینڈ سنز جیولرز
GOLD, SILVER BUYERS, SELLERS & ORDER SUPPLIERS
Shop No. 85, Kundan Street, Sarafa Bazar, Mithader, Karachi. Phone : 745543

اور ہم نے آسمانوں کو زینت دی ستاروں سے
آسمانوں کی زینت ستارے، خواتین کی زینت زیورات
ستارا جیولرز
پتہ: صرافہ بازار میٹھادر، کراچی 2:
فون: 745080

یہودی، عیسائی اور قادیانیوں کی سازش

قانون توہین رسالت میں ترمیم جنرل پرویز مشرف کی فاش غلطی

> گستاخان رسول کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ انہیں زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہے، ہر گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم عبرتناک موت سے ہمکنار ہوا ہے اور یہ سنت تاقیامت جاری رہے گی .... (مدیر)

جناب حشمت علی حبیب (ایڈووکیٹ)

مجھے اس بات کا اندیشہ تھا کہ ورلڈ بینک آئی ایم ایف امریکہ، برطانیہ اور دیگر مغربی ممالک اپنی سازش میں اس وقت کامیاب ہو جائیں گے جب ان کا دست نگر حکمران پاکستان میں اقتدار پر قبضہ کرے گا۔ حقوق انسانی اور احترام انسان کے نام پر اسلام آباد میں تیموں کے ایک ٹولے سے خطاب کرتے ہوئے جنرل پرویز مشرف نے آخر اس سازش کے کامیاب ہونے کا اعلان کر دیا، سازش یہ تھی کہ کسی نہ کسی طرح اس بنیاد کو ختم کر دیا جائے جس پر پاکستان قائم ہوا تھا اور وہ بنیاد تھی خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت۔ تحفظ ختم نبوت کے لئے پچھلے ڈیڑھ سو سال سے برصغیر کے مسلمان اور ان کے عمائدین کوشاں ہیں اور اس سلسلے میں مرزا قادیانی سمیت انگریزوں کے لگائے ہوئے تمام پودوں کو بے اثر کرنے کے لئے قابل فخر قربانیاں دیں۔ اس جدوجہد کا نتیجہ ہے کہ عیسائی، یہودی اور لادین قومیں مسلمانوں کے دلوں سے مقام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو متاثر نہیں کر سکیں۔ جنرل مشرف نے تیموں کے ٹولے میں یہ اعلان کیا ہے کہ انسداد توہین رسالت کے قانون کے تحت کسی بھی گستاخ رسول کے خلاف اس وقت تک مقدمہ قائم نہیں کیا جائے گا جب تک گستاخ رسول کے

فعل کی تحقیقات ڈپٹی کمشنر خود نہ کرے، اس فیصلے کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ عملی طور پر متعلقہ قانون غیر موثر ہو جائے گا۔ تعزیرات پاکستان میں درج جرائم کا سدباب کرنے کے لئے جو قوانین موجود ہیں وہ سب پاکستانیوں کے لئے ہیں۔ تمام حکومتیں ملک کے دستور اور قانون کے مطابق تمام شہریوں کے ساتھ برابر کا سلوک کرنے کی پابند ہیں انسانی حقوق کے عالمی منشور بھی ہر حکومت کو ایسی ہی قانون سازی کرنے کا پابند کرتا ہے۔

انسانی حقوق کی عالمی منشور کا دفعہ نمبر ۷ میں یہ کہا گیا ہے کہ:

"قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور سب بغیر کسی تفریق کے قانون کے اور امان پانے کے برابر کے حق دار ہیں۔"

اسی طرح دفعہ ۱۸ میں کہا گیا ہے کہ: "ہر انسان کو آزادی فکر آزادی ضمیر اور آزادی مذہب کا پورا حق ہے۔" چیف ایگزیکٹو کا اعلان ملک کے دستور قانون کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کے عالمی منشور کے خلاف بھی ہے۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ احترام انسانیت اور حقوق انسانیت کے نام پر منعقد کئے جانے والے کنونشن میں یہ اعلان کیوں کیا گیا۔ آیا یہ اعلان جنرل مشرف نے خود کیا ہے یا پھر ان سے یہ اعلان کروایا گیا ہے؟ کوئی بھی سمجھدار آدمی اسے قانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی آزادی کی الف۔ب سے بھی واقفیت ہو ایسی فاش غلطی نہیں کر سکتا۔ سیکریٹری قانون فقیر محمد کھوکھر نے اس اعلان کے بارے میں کیا کردار ادا کیا ہے؟ کیا وہ اس بات سے واقف نہیں کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۵۰۶ کے تحت اگر کوئی آدمی تھانے میں جا کر یہ رپورٹ دیتا ہے کہ فقیر محمد نامی ایک شخص نے اسے قتل کرنے کی دھمکی دی ہے تو اس شکایت پر پولیس افسر نہ صرف ایف آئی آر درج کر لیتا ہے بلکہ موبائل گاڑی بھیج کر دھمکی دینے والے کو اہل خانہ سمیت اٹھا کر تھانے لے آتا ہے، ایسی ہی تعزیرات پاکستان کے چیپٹر ۱۵ میں قرآن پاک کی بے حرمتی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی، اہل بیت، خلفائے راشدین، صحابہ، امہات المومنین کی شان میں گستاخی، قادیانی گروپ یا لاہوری گروپ یا احمدی کہلانے والے افراد شعائر اسلام کو استعمال کرنے پر مجرم قرار دیئے جاتے ہیں تو ان جرائم کے ارتکاب کرنے والوں کے

خلاف پولیس کو بے دست و پا کیا جاتا ہے۔ کیا سیکریٹری قانون کا چیف کی نگاہ میں قتل کی دھمکی دینے کا الزام ان جرائم سے بڑا ہے، دیکھنا یہ ہے کہ ایسی ناپاک جسارت کیوں کی گئی ہے۔ آیا سیکریٹری قانون فقیر محمد کھوکھر اور اس اعلان کرانے کے دیگر ذمہ داران خود قادیانی ہیں یا قادیانیوں کے آلہ کار بہر حال ایک بات طے ہے کہ یہ اعلان کرا کر وہ خود توہین رسالت کے زمرے میں آگئے ہیں، انہیں پبلک میں معافی مانگنی چاہئے اپنے فیصلے کو واپس لینا چاہئے ورنہ اللہ تعالیٰ کی لاٹھی بے آواز ہے، اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جنرل مشرف کو اس کام کے لئے کیوں منتخب کیا گیا، ان کی حکومت نہ تو دستوری ہے اور نہ قانونی۔ اس سے پہلے نواز شریف حکمران تھا بین الاقوامی ادارے معاشیات کے دباؤ کے تحت نواز شریف سے بھی یہ کام کروانا چاہتے تھے کسی حد تک وہ اس میں کامیاب بھی تھے کیونکہ عملی طور پر گستاخان رسول کے خلاف ایف آئی آر فوراً درج نہیں ہوتی تھی اسی طرح بے نظیر سے بھی یہ قانون پاس کروانے کی کوشش کی گئی، بے نظیر حکومت نے وزیر قانون اقبال حیدر اور دیگر حواریوں کے ذریعے رائے عامہ ہموار کرنے کی کوشش کی اور وہ اس میں بری طرح ناکام ہوئی، مجرمین کا ساتھ دینے والے بھی مجرم ہوتے ہیں۔ آج بے نظیر جلاوطن ہے اور نواز شریف پابہ سلاسل، جو بھی صاحب اقتدار یا اقتدار پر قابض شخص پاکستان کی بنیاد ختم کرنے کی کوشش کرے گا، اس کا حشر بے نظیر اور نواز شریف سے بھی برا ہوگا، جنرل مشرف کے لئے جو بات کرنے کی ہے وہ سودی نظام کو ختم کرنا ہے تاکہ پاکستان ورلڈ بینک آئی ایم ایف یا کسی بھی دنیاوی خدا کا محتاج نہ رہے، تحفظ ختم نبوت احترام قرآن پاک کے قوانین دراصل اس بات کی ضمانت ہیں کہ کوئی بھی بدبخت مذہبی جذبات سے کھیلنے کی کوشش نہ کرے یہ قوانین ہر پاکستانی کے لئے ہیں چاہے مسلمانوں ہوں، عیسائیوں ہوں یا کوئی کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو، خرابی جب پیدا ہوتی ہے جب ایک مذہب کا پیروکار دوسرے کے مذہب میں مداخلت کرتا ہے۔ انسداد توہین رسالت کے قانون کے اطلاق میں جو رکاوٹ پیدا کی گئی ہے یہ بھی اسی تعریف میں آتا ہے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ انگریز حکمرانوں نے ایک منصوبہ بندی کے تحت برصغیر ہندو پاک کے مسلمانوں کو اپنا یا ہندوؤں کا محکوم رکھنے کے لئے دو محاذوں پر خاص طور پر کام کیا ایک محاذ ذریعہ تعلیم اور دوسرا محاذ مسلمانوں کے دل سے حب رسول کو ختم کرنا، تعلیم کے میدان میں وہ کامیاب رہے اور لارڈ میکالے کی سوچ کے تحت جو طرز تعلیم رائج ہوا۔ اس نے اب بھی ہمیں مختلف طبقوں میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ دوسری کوشش ہندوؤں کے ذریعے اور مرزا قادیانی کے ذریعے گستاخی کے واقعات کرانا تھا۔ الحمدللہ! جاں نثاران رسول اس محاذ پر ڈٹ گئے اور ایک ترکھان زادہ جو تاریخ میں غازی علم الدین شہیدؒ کہلایا سب پر بازی لے گیا، اس نے ہندو مصنف راجپال کو گستاخی کی ایسی سزا دی کہ وہ جہنم رسید ہوا، انگریزوں کی عدالت نے اسے سزائے موت سنائی، سزائے موت کے فیصلے کے خلاف دو انگریز ججوں نے اپیل کی سماعت کی قائد اعظم محمد علی جناح اس وقت صرف محمد علی جناح تھے وہ عدالت میں پیش ہوئے، اسی عدالت نے ایک سال پہلے ایک کم عمر لڑکے کو سزائے موت کی جگہ عمر قید کا فیصلہ دیا تھا لیکن غازی علم الدین جو کہ کم سن تھا اس کی اپیل کا فیصلہ سناتے ہوئے انگریز جج نہیں رہے بلکہ عیسائی بن گئے اور موت کے فیصلے کو بحال قرار رکھا میری نگاہ میں غازی علم الدینؒ کو جب پھانسی دی گئی، اسی دن پاکستان کے قیام کی بنیاد رکھی گئی تھی اور ایک عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خون کی برکت سے قائم ہونے والے وطن کو ختم کرنے کے لئے عیسائی، یہودی اور ان کے پروردہ قادیانی برسرپیکار ہیں، اس ٹولے نے جنرل مشرف کو اپنا آلہ کار بنایا۔

مجھے امید ہے کہ وقت کا حکمران اپنی غلطی کو تسلیم کرے گا اور یہ فیصلہ فوراً واپس لے گا اور ان تمام افراد کے خلاف سخت کارروائی کرے گا جنہوں نے جنرل مشرف سے یہ فاش غلطی کروائی۔ میرا یہ ایمان ہے کہ جب تک ہم عملی طور پر یہ ثابت نہ کریں کہ ہمارا مال، ہماری جان اپنی اولاد ہمارے ماں، باپ سب کالی کملی والے صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان نہ کریں، ہم مسلمان نہیں رہتے:

"لایومن احدکم حتی اکون احب الیه من والده وولده والناس اجمعین ......او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم"

گستاخان رسول کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ انہیں زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں ہر گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم عبرتناک موت سے ہمکنار ہوا ہے اور یہ سنت تا قیامت جاری رہے گی۔

☆☆..................☆☆

اسرائیلی خواتین میں قبول اسلام کا رجحان

ملائیشیا ایک مضبوط اسلامی ملک، ملائیشیا کے حج بورڈ کی عمدہ کارکردگی:

ملائیشیا کی معاشی اور سیاسی حالت دیگر اسلامی ممالک سے بہتر ہے، ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام پایا جاتا ہے، سیاسی پارٹیوں کو کام کرنے کی پوری آزادی ہے، اسی طرح اقلیتوں کو بھی ان کے حقوق پوری طرح حاصل ہیں، اس بات کا اظہار ملائیشیا کے سابق چیف سیکریٹری اور انسٹیٹیوٹ آف اسلامک انڈراسٹینڈنگ ملائیشیا کے چیئرمین سری احمد سراجی بن عبدالحمید نے اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر میں "ملائیشیا میں اسلام" کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ملائیشیا کے باشندوں میں بڑی رواداری پائی جاتی ہے، ملک کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ لیکن اس کے باوجود جگہ جگہ غیر مسلموں کی عبادت گاہیں نظر آتی ہیں، جہاں وہ آزادی کے ساتھ اپنی مذہبی رسوم ادا کرتے ہیں، حکومت نے حاجیوں کی سہولت کے لئے حج بورڈ قائم کیا ہے، جہاں حاجی اپنی رقمیں جمع کراتے رہتے ہیں، حج بورڈ یہی رقم کاروبار میں لگاکر حاجیوں کے لئے آسانیاں فراہم کرتا ہے، جس سے ان کو بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے، اسی اسکیم کی بدولت بہت سے باشندے ہر سال حج کی سعادت سے مستفید ہوتے ہیں بلکہ ہر دفعہ کوٹے سے بھی زیادہ لوگ حج پر چلے جاتے ہیں، اسی طرح اسلامی بینک اور اسلامی انشورنس کا نظام قائم ہے، جس سے عوام کو کافی فائدہ پہنچ رہا ہے۔ (جنگ لندن ۳۰/مارچ ۹۷)

پاکستان کی حکومت کو بھی ملائیشیا کے اسلامی بینک اور اسلامی انشورنس کے نظام کا وہاں جاکر باقاعدہ مطالعہ کرنا چاہئے اور اس سلسلے میں اگر ہوسکے تو پاکستان کے اکابر علماء کے مشورے کے ساتھ اس نظام کا بغور مطالعہ کے بعد یہاں نفاذ کیا جاسکتا ہے۔ نیز ہمارے حج و اوقاف کے اہل حل و عقد حضرات وہاں ایک وفد بھیج کر باقاعدہ ان کے نظام کا مطالعہ کرکے فائدہ اٹھانا چاہئے، ہر سال ملائیشیا کے نوجوان مرد اور عورتیں کثرت سے حج اور عمرے کے موقع پر حرمین شریفین میں دیکھے

تحریر: نکہت اللہ خان (لندن)

جاتے ہیں جن میں سے اکثر کی عمر ۲۵ سال سے کم ہی ہوتی ہے جبکہ ہمارے ہاں سے آنے والے حضرات میں اکثر معمر ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں حج بورڈ کو ایسا ہی سلسلہ کرنا چاہئے جس کی بنا پر کثرت سے نوجوان حج اور عمرہ کی ادائیگی کے لئے حرمین شریفین جاسکیں۔

اس وقت اخباری رپورٹ کے مطابق ملائیشیا معاشی طور پر کافی مستحکم ہے جنگ لندن ۲۸/مارچ ۹۷ء کی اشاعت کے مطابق آسٹریلیا، سویڈن، آسٹریا اور فرانس سے معاشی طور پر ملائیشیا کا نمبر پہلے ہے۔

انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ ڈویلپمنٹ کی رپورٹ کے مطابق معاشی کارکردگی میں سرفہرست امریکہ ہے اس کے بعد سنگاپور اور ہانگ کانگ ہیں، برطانیہ کا نواں، جرمنی کا چودھواں نمبر ہے، جبکہ سولہواں نمبر ملائیشیا اور بیسواں نمبر فرانس ہے۔ یعنی یورپ کے کئی ممالک سے بھی اس کا نمبر پہلے ہے۔ حق تعالیٰ شانہ اس ملک کو مزید استحکام سے نوازے شریروں کے شر اور حاسدین کے حسد سے محفوظ رکھے۔ (آمین)

منکرین خدا سائنس دانوں کی تعداد ۸۰ برس میں بھی نہیں بڑھی ۱۹۱۶ء میں ۴۰ فیصد سائنس دان خدا پر یقین رکھتے تھے، اب بھی یہی تعداد ہے:

لندن (پی اے) ۸۰ برس میں سائنسی ترقی کے باوجود خدا پر اعتقاد نہ رکھنے والے سائنس دانوں کے تناسب میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوئی، امریکہ میں ۱۹۱۶ء میں ہونے والے سروے کے مطابق اس وقت ۶۰ فیصد سائنس دان خدا پر یقین نہیں رکھتے تھے، سروے کے محرک جیمز لیوبا نے پیشگوئی کی تھی کہ اس تعداد میں اضافہ ہوگا۔ تاہم یونیورسٹی آف جارجیا کے ایڈورڈ لارسن اور یونیورسٹی آف میری لینڈ کے لیری وتھام کی ۶۰۰ سائنس دانوں سے سوال جواب پر مبنی تحقیق سے ثابت ہوا کہ یہ تعداد نہ بڑھی ہے نہ گھٹی ہے تاہم ایک فرق یہ پڑا ہے کہ پہلے ماہرین حیاتیات میں منکرین خدا کی تعداد زیادہ تھی اب یہ تعداد ماہرین فلکیات اور طبیعات میں ہے۔ (جنگ لندن ۳/اپریل ۹۷ء)

یہ سروے پہلے امریکہ میں کیا گیا تھا اور اب بھی امریکہ میں کیا گیا ہے ورنہ اگر مجموعی طور پر تمام دنیا کا سروے کیا جائے تو انشاء اللہ سائنس دانوں میں بھی خدا کے وجود کے قائلین کی تعداد کم از کم

۸۰ فیصد ضرور ہوگی۔

سابق عالمی مڈل ویٹ باکسنگ چیمپین کرس یوبینک نے اسلام قبول کرلیا:

(لندن) سابق عالمی مڈل باکسنگ چیمپین کرس یوبینک نے اسلام قبول کرلیا۔ سنڈے ٹائمز کے مطابق اس نے ۳ برس تک قرآن مجید اور اسلام کا تفصیلی اور گہرائی میں جاکر مطالعہ کیا، جس سے وہ خاصا متاثر ہوا اور حلقہ بگوش اسلام ہوا۔ (جنگ لندن ۳۱/مارچ ۹۷ء)

اسرائیلی لڑکیوں میں قبول اسلام کا رجحان:

اسرائیلی حکومت کے مذہبی شعبے کے ذمہ داروں نے اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ چند سالوں میں یہودی نوجوان لڑکیوں میں اسلام تیزی سے پھیل رہا ہے اور یہ نوجوان لڑکیاں اسلام قبول کرنے کے بعد فلسطینی یا دیگر مسلمان نوجوانوں سے شادی کو ترجیح دے رہی ہیں، اسرائیل کے مذہبی امور کے ایک ذمہ دار نے بتایا کہ صرف گزشتہ دو ماہ میں تقریباً ۲۵ نوجوان لڑکیوں نے یہودیت چھوڑ کر اسلام قبول کرنے کی اطلاع یہاں دفتر میں دی ہے۔ مذہبی شعبے کے ذمہ دار کے مطابق جب بھی کوئی لڑکی مذہب اسلام میں داخل ہونے کے لئے ہمارے شعبہ میں آتی ہے تو پہلے ہم اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ یہ ارادہ ترک کردے پھر ہم اس قسم کی شادیوں کے متعلق یہ بتاتے ہیں کہ مسلم معاشرہ اس قسم کی شادیوں کو قبول نہیں کرتا لیکن اس کے باوجود وہ اسلام اور ان کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے۔ (تعمیر حیات لکھنؤ)

لندن (اسٹاف رپورٹر) امریکہ میں لڑکیاں ان دنوں جلد بلوغت کی عمر کو پہنچتی ہیں اور بعض حالتوں میں یہ عمر سات سال ہے، ایک سروے کے مطابق ۵۰ فیصد سیاہ لڑکیاں سات سال کی عمر میں بلوغت کی عمر کو پہنچ جاتی ہیں جبکہ سفید فام لڑکیوں میں یہ تعداد ہر سات میں سے ایک ہے۔ (جنگ لندن ۱۰/اپریل)

یہ خبر اس لئے دی گئی ہے کہ ایک مخصوص طبقہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ۹ سال کی عمر میں رخصتی پر اعتراض کرتا ہے، اس خبر سے یہ معلوم ہوگیا کہ جب سات سال کی عمر کی لڑکی بلوغت کی عمر کو پہنچ سکتی ہے تو ۹ سال کی کیوں نہیں پہنچ سکتی؟ حق تعالیٰ شانہ ایسے لوگوں کو ہدایت عطا فرمائے۔

جرمنی میں ۸ ہزار لڑکیاں اسلام کی آغوش میں:

جرمنی کی ایک ریسرچ اسکالر خاتون کے جائزے کے مطابق اس وقت جرمنی کی خواتین اسلام کی جانب انتہائی تیزی سے راغب ہورہی ہیں، چنانچہ گزشتہ چار سالوں میں جرمنی کی آٹھ ہزار سے زائد خواتین نے اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا، جن میں اکثریت کالج میں پڑھنے والی طالبات کی ہے، ان نومسلم خواتین نے باقاعدہ اپنی علیحدہ تنظیم قائم کرنے کا اعلان کیا ہے جو جمعیت تعلیم القرآن کے نام سے کام کررہی ہے، مذکورہ ریسرچ اسکالر خاتون جو اس موضوع پر ایم اے کررہی ہیں کا کہنا ہے کہ جرمنی میں اخلاقی انحطاط روز بروز بڑھتی ہوئی عریانیت، اخلاقی اقدار کی پامالی اور انسانیت سے گری ہوئی حرکات نے ان نوجوان لڑکیوں کو اسلام کی آغوش میں پناہ لینے پر مجبور کردیا۔

چرچ نے ایک سے زائد نکاح کا مطالبہ کردیا:

افریقی چرچ کی ایک تنظیم نے کیتھولک عیسائی مسئولین سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مقامی عیسائیوں کو ایک سے زیادہ نکاح کرنے کی اجازت دے دیں، کیونکہ ان کے جائزے کے مطابق اسلام قبول کرنے والوں میں بعض افراد وہ بھی ہیں جنہوں نے محض اس رخصت کی وجہ سے اسلام قبول کیا، ویسے بھی افریقہ میں ایک سے زیادہ نکاح کا عمل مقامی رسوم ورواج میں شامل ہے۔
(ماہنامہ "صراط مستقیم" برمنگھم)

ترکی میں ۷۰ ہزار مساجد:

